Fikr-o-Nasar (Islamabad) 38:1 (2000)

کتاب : سیّد الاولیاء

مؤلف : طارق مجاہد جہلمی

سن طباعت : دسمبر ۱۹۹۸ء

ناشر : مجاہد اکیڈیمی جہلم، مجاہد ہاؤس، مجاہد اسٹریٹ، دینہ، جہلم

قیمت : ۱۵۰ روپے

زیر نظر کتاب ''سیّد الاولیاء'' جناب مولانا طارق مجاہد جہلمی کی فکری، تحقیقی اور ناقدانہ کاوش کا نتیجہ ہے۔ چند برس پہلے مولانا محمد احمد صاحب بصیر پوری کی کتاب "کلام الاولیاء الاکابر علی قول شیخ عبدالقادر" طبع ہوئی جس میں انہوں نے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ کے معروف قول " قدمی هذه علیٰ رقبة کل ولی الله" پر بحث کی اور اکابر علماء کی تحریروں سے استدلال کرتے ہوئے اپنا نکتہ نظر پیش کیا۔ مولانا طارق مجاہد جہلمی صاحب کی یہ کتاب مذکورہ کتاب کے رد میں لکھی گئی، انہوں نے اکابر علماء و مشائخ کے ارشادات کو بطور سند پیش کر کے یہ ثابت کرنے کی سعی فرمائی کہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ کے مذکورہ ارشاد پر تمام سلاسل کے مشائخ کا اتفاق ہے۔ کم و بیش ۲۰۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب حضرت شیخ کے فضائل و مناقب اور بعض اصطلاحات تصوف کے تعارف پر مشتمل ہے۔ اس سے پہلے بھی اس موضوع پر ایک کتاب " قدم الشیخ عبدالقادر علیٰ رقاب الاولیاء الآکابر رضی الله عنہم"۔ مؤلفہ مولانا ممتاز احمد چشتی مدرس جامعہ انوار العلوم ملتان نظر سے گذری۔ یہ کتاب بھی مولانا بصیر پوری کی کتاب کے ردّ میں لکھی گئی۔

ادارہ

© Dr Muhammad Hamidullah Library, IIU, Islamabad.   http://iri.iiu.edu.pk/